احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 23 مئی 2008ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 MB/FD-10FR
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 23 مئی 2008ء 17 جمادی الاول 1429 ہجری 23 ہجرت 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 116

ایمان کی بشاشت

6ھ میں ہرقل نے اپنے دربار میں ابوسفیان سے پوچھا کہ مدعی نبوت (یعنی رسول کریم ﷺ) کے دین میں کوئی داخل ہو کر پھر اس دین کو ناپسند کرنے کی وجہ سے مرتد ہوتا ہے۔ ابوسفیان نے کہا نہیں۔ اس پر ہرقل نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا ایمان کی یہی کیفیت ہوتی ہے جب اس کی بشاشت دلوں میں رچ جاتی ہے۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر:6)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

سچا ایمان گناہ کو باقی نہیں رہنے دیتا اور سچا ایمان کیونکر پیدا ہوتا ہے۔ آپ یاد رکھیں جو مریض طبیب کے پاس جاتا ہے تو طبیب اس کی مرض کو تشخیص کر کے ایک علاج بتا دیتا ہے اس کا فرض ہے کہ بیمار کو متنبہ کر دے علاج کرنا نہ کرنا مریض کا اپنا اختیار ہے وہ یہ بتا دے گا کہ داغ لگانے کی جگہ ہے تو داغ دو یا جونک لگاؤ وغیرہ یعنی جو علاج ہو وہ بتا دے گا اسی طرح پر ہم اصل علاج بتا دیتے ہیں کرنا نہ کرنا ہر شخص کے اپنے اختیار میں ہے۔

پس اصل بات یہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ ان آنکھوں سے نظر نہیں آتا اور نہ ان حواس سے ہم اس کو محسوس کر سکتے ہیں کیونکہ اگر وہ ان محسوسات میں سے ہوتا جن کے لئے یہ حواس ہیں تو بے شک وہ نظر آ جاتا یا محسوس ہو سکتا مگر ان حواس میں سے کوئی حس اس کے لئے بکار نہیں۔ اس کی شناخت کے خاص وسائل ہیں اور اور حواس ہیں گو حکیموں برہموؤں اور فلاسفروں نے بجائے خود ٹکریں ماری ہیں لیکن وہ سب غلطیوں میں مبتلا ہیں اور وہ ایمان جو انسان کی زندگی میں ایک حیرت انگیز تبدیلی پیدا کر دیتا ہے ان کو نصیب نہیں ہوا جب خود ان کی یہ حالت ہے تو وہ دوسروں کے لئے ہادی اور رہنما کیونکر ہو سکتے ہیں جو خود مشکلات میں مبتلا ہیں اور جن کو خود سکینت اور اطمینان نہ ہو وہ اوروں کے لئے کیا اطمینان کا موجب ہوں گے اس سلسلہ کی راہ کے چراغ دراصل انبیاء علیہ السلام ہیں۔ پس جو شخص چاہتا ہے کہ وہ نور ایمان حاصل کرے اس کا فرض ہے کہ اس راہ کی تلاش کرے اور اس پر چلے بدوں اس کے ممکن نہیں کہ معرفت اور سچا گیان مل سکے جو گناہ سے بچاتا ہے اور ہر ایک شخص فیصلہ کر سکتا ہے کہ کس شئے کا اتباع اس وقت حقیقی ایمان اور گیان پیدا کر دیتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ جب انسان سچائی پر قدم مارنے لگتا ہے تو اس کو مشکلات اور ابتلا پیش آتے ہیں برادری اور قوم کا ڈراسے دھمکاتا ہے لیکن اگر وہ فی الحقیقت سچائی سے پیار کرتا ہے اور اس کی قدر کرتا ہے تو وہ ان ابتلاؤں سے نکل جاتا ہے ورنہ ابتلا اس کا نفاق ظاہر کر دیتا ہے۔ مومن کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ دیوانہ بنے کسی ننگ و عار کی سچائی کے لئے پروانہ کرے جب تک وہ ان قیود کا پابند ہے وہ مومن نہیں ہو سکتا۔

از عمل ثابت کن آں نورے کہ در ایمان تست
دل چو دادی یوسفے را راہ کنعاں راگزیں

(ملفوظات جلد دوم ص 609)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

نمایاں اعزاز

مکرم طارق احمد سعید صاحب دارالصدر غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی نانی محترمہ قریشہ سلطانہ صاحبہ المعروف بیگم شفیع احمد جو کہ مسلم لیگ شعبہ خواتین دہلی کی نائب صدر' اخبار دستکاری کی مدیرہ اور نامور صحافیہ تھیں کو تحریک پاکستان میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں 9 دسمبر 2007ء کو عطائے گولڈ میڈل کی ایک خاص تقریب میں تحریک پاکستان ورکرز ٹرسٹ کے ادارے کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب نے گولڈ میڈل دیا جو کہ ان کی صاحبزادی محترمہ پروفیسر سیدہ نسیم سعید صاحبہ نے وصول کیا۔ تقریب میں محترمہ بیگم شفیع احمد صاحبہ کی ملی اور قومی خدمات کو سراہتے ہوئے مندرجہ ذیل عبارت پڑھی گئی۔

برصغیر کی پہلی ...... باپردہ خاتون صحافی جنہوں نے تحریک پاکستان میں قائداعظم کے ساتھ بھرپور کام کیا۔ آپ کی کئی تصاویر قائداعظم کے ساتھ ہیں۔ آپ نے شملہ کانفرنس میں بھی شرکت کی۔ آپ ڈاکٹر سید شفیع احمد دہلوی کی اہلیہ تھیں جو ممتاز صحافی اور تحریک پاکستان کے رہنما تھے۔ جون 1947ء میں قائداعظم نے مسلم ایڈیٹروں کی کانفرنس سے خطاب کے دوران پاکستان سے متعلق حقائق سے آگاہ کیا اور کانفرنس میں شریک محترمہ بیگم شفیع احمد صاحبہ کی خدمات کو سراہا۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز احمدیت اور ہمارے خاندان کیلئے بابرکت بنائے اور ہم سب کو احمدیت کا نام روشن کرنے کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 484)

حضرت مسیح موعود اور عالم روحانی

حضرت مسیح موعود نے جنوری 1891ء کے آغاز میں دعوت عام دیتے ہوئے فرمایا:۔

''اس عاجز کا ظہور ساحرانہ تاریکیوں کے اٹھانے کے لئے خداتعالیٰ کی طرف سے ایک معجزہ ہے۔ کیا ضرور نہیں تھا کہ سحر کے مقابل پر معجزہ بھی دنیا میں آتا۔

(فتح اسلام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 6)

رب کریم کی طرف سے بذریعہ وحی یہ بھی انکشاف کیا گیا۔

روحانی عالم کا دروازہ تیرے پر کھولا گیا۔

(تذکرہ ص 470)

اس ''روحانی عالم'' کی وسعتیں پوری کائنات پر محیط تھیں اور فرش سے عرش تک کی اخلاقی، مادی، روحانی اور آفاقی غرضیکہ ہر نوع کے عجائبات کا مرقع تھیں۔ خاص طور پر روحانی اور جسمانی مردوں کے احیاء کے نظارے کثرت سے دکھلائی دیئے۔

روحانی احیائے موتیٰ کے جلوے

حضرت مسیح موعود نے عالم روحانی کی ہزاروں تجلیات میں سے اس پہلو کا ذکر ان الفاظ میں فرمایا ہے۔

''یہ خدا کا قول ہے کہ تیرے ذریعہ سے مریضوں پر برکت نازل ہوگی روحانی اور جسمانی دونوں قسم کے مریضوں پر مشتمل ہے۔ روحانی طور پر اس لئے کہ میں دیکھتا ہوں کہ میرے ہاتھ پر ہزار ہا لوگ بیعت کرنے والے ایسے ہیں کہ پہلے ان کی عملی حالتیں خراب تھیں اور پھر بیعت کرنے کے بعد ان کے عملی حالات درست ہوگئے اور طرح طرح کے معاصی سے انہوں نے توبہ کی اور نماز کی پابندی اختیار کی اور میں صدہا ایسے لوگ اپنی جماعت میں پاتا ہوں کہ جن کے دلوں میں یہ سوزش اور تپش پیدا ہوگئی ہے کہ کس طرح وہ جذبات نفسانیہ سے پاک ہوں۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 86)

اس کے بعد حضرت اقدس نے دعا اور توجہ سے حیرت انگیز شفا کی حقانیت کے مجسم نشانوں میں بالخصوص تین برگزیدہ شخصیات کا تذکرہ فرمایا ہے۔

اول: حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب

فرماتے ہیں:۔

''میرا لڑکا مبارک احمد قریباً دو برس کی عمر میں ایسا بیمار ہوا کہ حالت یاس ظاہر ہوگئی اور ابھی میں دعا کر رہا تھا کہ کسی نے کہا کہ لڑکا فوت ہوگیا ہے یعنی اب بس کرو دعا کا وقت نہیں مگر میں نے دعا کرنا بس نہ کیا اور جب میں نے اسی حالت توجہ الی اللہ میں لڑکے کے بدن پر ہاتھ رکھا تو معاً مجھے اس کا دم آنا محسوس ہوا اور ابھی میں نے ہاتھ اس سے علیحدہ نہیں کیا تھا کہ صریح طور پر لڑکے میں جان محسوس ہوئی اور چند منٹ کے بعد ہوش میں آکر بیٹھ گیا''۔

(حقیقۃ الوحی روحانی خزائن جلد 22 ص 87)

نیز فرمایا:۔

ابھی 8 جولائی 1906ء کے دن سے جو پہلی رات تھی میرا لڑکا مبارک احمد خسرہ کی بیماری سے گھبراہٹ اور اضطراب میں تھا۔ ایک رات تو شام سے صبح تک تڑپ تڑپ کر اس نے بسر کی اور ایک دم نیند نہ آئی اور دوسری رات میں اس سے سخت تر آثار ظاہر ہوئے اور بیہوشی میں اپنی بوٹیاں توڑتا تھا اور ہذیان کرتا تھا اور ایک سخت خارش بدن میں تھی۔ اس وقت میرا دل دردمند ہوا اور الہام ہوا۔ ...... تب معاً دعا کے ساتھ مجھے کشفی حالت میں معلوم ہوا کہ اس کے بستر پر چوہوں کی شکل پر بہت سے جانور پڑے ہیں اور وہ اس کو کاٹ رہے ہیں اور ایک شخص اٹھا اور اس نے تمام وہ جانور اکٹھے کر کے ایک چادر میں باندھ دیئے اور کہا اس کو باہر پھینک آؤ اور پھر وہ کشفی حالت جاتی رہی اور میں نہیں جانتا کہ پہلے وہ کشفی حالت دور ہوئی یا پہلے مرض دور ہوگئی اور لڑکا آرام سے فجر تک سویا رہا''۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 90)

دوم: حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب

فرمایا:۔

اور پھر طاعون کے دنوں میں جبکہ قادیان میں طاعون زور پر تھا۔ میرا لڑکا شریف احمد بیمار ہوا اور ایک سخت تپ محرقہ کے رنگ میں چڑھا جس سے لڑکا بالکل بیہوش ہوگیا اور بیہوشی میں دونوں ہاتھ مارتا تھا مجھے خیال آیا کہ اگرچہ انسان کو موت سے گریز نہیں مگر اگر لڑکا ان دنوں میں جو طاعون کا زور ہے فوت ہوگیا تو تمام دشمن اس تپ کو طاعون ٹھہرائیں گے اور خداتعالیٰ کی اس پاک وحی کی تکذیب کریں گے کہ جو اس نے فرمایا ہے انی احافظ کل من فی الدار یعنی میں ہر ایک کو جو تیرے گھر کی چار دیوار کے اندر ہے طاعون سے بچاؤں گا۔ اس خیال سے میرے دل پر وہ صدمہ وارد ہوا کہ میں بیان نہیں کرسکتا۔ قریباً رات کے بارہ بجے کا وقت تھا کہ جب لڑکے کی حالت ابتر ہوگئی اور دل میں خوف پیدا ہوا کہ یہ معمولی تپ نہیں یہ اور ہی بلا ہے تب میں کیا بیان کروں کہ میرے دل کی کیا حالت تھی کہ خدانخواستہ اگر لڑکا فوت ہوگیا تو ظالم طبع لوگوں کو حق پوشی کے لئے بہت کچھ سامان ہاتھ آجائے گا۔ اسی حالت میں میں نے وضو کیا اور نماز کے لئے کھڑا ہوگیا اور معاً کھڑا ہونے کے ساتھ ہی مجھے وہ حالت میسر آگئی جو استجابت دعا کے لئے ایک کھلی کھلی نشانی ہے اور میں اس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ ابھی میں شاید تین رکعت پڑھ چکا تھا کہ میرے پر کشفی حالت طاری ہوگئی اور میں نے کشفی نظر سے دیکھا کہ لڑکا بالکل تندرست ہے تب وہ کشفی حالت جاتی رہی اور میں نے دیکھا کہ لڑکا ہوش کے ساتھ چارپائی پر بیٹھا ہے اور پانی مانگتا ہے اور میں چار رکعت پوری کر چکا تھا۔ فی الفور اس کو پانی دیا اور بدن پر ہاتھ لگا کر دیکھا کہ تپ کا نام ونشان نہیں اور ہذیان اور بیتابی اور بیہوشی بالکل دور ہو چکی تھی اور لڑکے کی حالت بالکل تندرستی کی تھی۔ مجھے اس خدا کی قدرت کے نظارہ نے الٰہی طاقتوں اور دعا قبول ہونے پر ایک تازہ ایمان بخشا۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 87)

سوم: حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب

فرمایا:۔

ایک دفعہ بشیر احمد میرا لڑکا آنکھوں کی بیماری سے بیمار ہوگیا اور مدت تک علاج ہوتا رہا کچھ فائدہ نہ ہوا۔ تب اس کی اضطراری حالت دیکھ کر میں نے جناب الٰہی میں دعا کی تو یہ الہام ہوا بـرق طفلی بشیر یعنی میرے لڑکے بشیر نے آنکھیں کھول دیں۔ تب اسی دن خداتعالیٰ کے فضل اور کرم سے اس کی آنکھیں اچھی ہوگئیں۔ (حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 89)

☆......☆......☆

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

۞ مکرم سید عبدالمالک ظفر صاحب صدر محلّہ دارالشکر ربوہ اطلاع دیتے ہیں۔

مکرمہ ارشاد بیگم صاحبہ زوجہ مکرم بشیر احمد صاحب بھلور ضلع سیالکوٹ بقضائے الٰہی مورخہ 19 مئی 2008ء کو 65 سال کی عمر میں وفات پاگئی ہیں۔ مرحومہ کی اسی روز رات 10 بجے نماز جنازہ مکرم سیف اللہ صاحب مربی سلسلہ پنڈی بھاگو نے پڑھائی اور قبر تیار ہونے پر مکرم چوہدری محمد افضل صاحب امیر حلقہ رائے پورنے دعا کروائی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں خاوند کے علاوہ 5 بیٹے مکرم نصیر احمد صاحب' مکرم شبیر احمد صاحب' مکرم صغیر احمد صاحب' مکرم شاہد تنویر صاحب' مکرم ناصر احمد صاحب' اور دو بیٹیاں محترمہ فوزیہ کنول صاحبہ اہلیہ مکرم سلیم اللہ صاحب راؤ کے نارووال اور محترمہ شائستہ بشیر صاحبہ سٹاف نرس فضل عمر ہسپتال ربوہ چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

۞ مکرم ثناء اللہ قمر صاحب فیکٹری ایریا سلام ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ حنیفہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم ٹھیکیدار غلام محمد خادم صاحب مختصر علالت کے بعد مورخہ 18 مئی 2008ء کو بعمر 83 سال وفات پاگئیں۔ مرحومہ خدا کے فضل سے موصیہ تھیں۔ اسی دن بیت مبارک میں آپ کی نماز جنازہ بعد نماز عصر مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی اور تدفین کے بعد دعا بھی کرائی۔ خاکسار کے علاوہ مرحومہ نے پسماندگان میں چار بیٹے مکرم عطاء اللہ کلیم صاحب عظیم پارک ربوہ، مکرم ضیاء اللہ ظفر صاحب مربی سلسلہ سیرالیون، مکرم سلطان محمود ناصر صاحب فیکٹری ایریا سلام ربوہ، مکرم غلام احمد ناصر صاحب دارالرحمت وسطی ربوہ اور ایک بیٹی مکرمہ امۃ الحمید صاحبہ زوجہ مکرم سجاد احمد صاحب نارووال یادگار چھوڑی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے قرب میں بلند درجات عطا فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

ولادت

۞ مکرم سید محمد امین صاحب گردیزی ولد مکرم سید مہر علی شاہ صاحب مرحوم دارالعلوم شرقی نور الف ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے میرے بیٹے مکرم سید محمد احسن صاحب گردیزی مقیم جرمنی کو تین بیٹیوں کے بعد مورخہ 5 مئی 2008ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچے کا نام نورالحق عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم سید اعجاز عباس رضوی صاحب دارالعلوم وسطی ربوہ کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو احمدیت کا خادم بنائے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مرسلہ: نظارت تعلیم

میٹرک کے بعد آپ کیا کر سکتے ہیں

زندگی کے مختلف میدانوں میں آپ کیلئے آگے بڑھنے کی بے انتہا گنجائش موجود ہے

کیا آپ نے سوچا ہے کہ میٹرک کے بعد آپ کیا کرنا چاہتے ہیں یا کیا کر سکتے ہیں۔ اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی ابھی سے کیجئے تاکہ آئندہ کی پریشانی سے بچا جا سکے۔ نیز منصوبہ بندی کرنے اور اس پر عمل کرتے وقت خدا تعالیٰ سے دعا بھی کریں کہ وہ آپ کی صحیح رنگ میں رہنمائی فرمائے اور درست فیصلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آپ کی رہنمائی کے لئے کچھ معلومات مہیا کی جارہی ہیں۔

وقف زندگی

ایسے احمدی طلباء جو خدمت دین کے لئے اپنی زندگی وقف کرنے کے خواہش مند ہیں ان کو چاہئے کہ الفضل کا باقاعدہ مطالعہ کرتے رہیں اس میں جامعہ احمدیہ اور مدرسۃ الظفر وقف جدید کے داخلہ کا اعلان شائع ہوتا ہے۔ نیز جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے وکالت تعلیم تحریک جدید اور مدرسۃ الظفر کے لئے وقف جدید ربوہ سے مزید معلومات کے لئے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ جامعہ احمدیہ اور مدرسۃ الظفر میں قرآن کریم (ترجمہ و تفسیر)، علم کلام، عربی، انگریزی، موازنہ مذاہب، فقہ وغیرہ کی خاص تعلیم دی جاتی ہے اور ایسے واقفین زندگی تیار کئے جاتے ہیں جو دنیا کے کسی حصہ میں بھی دعوت الی اللہ کے فرائض سرانجام دے سکیں۔ احمدی نوجوانوں کے لئے یہ سب سے بہترین شعبہ ہے کیونکہ اس کے تحت نوجوانی میں ہی خدا تعالیٰ کی خدمت میں اپنے آپ کو پیش کر کے اس کے کاموں میں لگا دیا جاتا ہے۔

انٹرمیڈیٹ آرٹس

ایسے طلباء جو ایف اے کرنے کے خواہش مند ہوں وہ غور اور دعا کے بعد ایسے مضامین کا انتخاب کریں جو دلچسپ ہونے کے ساتھ ساتھ آئندہ کی پیشہ ورانہ زندگی کے لئے بھی مفید ہوں مثلاً اکنامکس شماریات اور میتھ۔ یہ مضامین ایف اے میں پڑھنے کے بعد کامرس اور خاص طور پر اکاؤنٹنگ کی فیلڈ کی طرف جانے کے لئے بھی مددگار رہتے ہیں اور آج کل اکاؤنٹنگ خاص طور پر چارٹرڈ اکاؤنٹنگ، کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنگ اور ACCA زیادہ مشہور ہیں اور کثرت سے طلبہ ان کا رخ کرتے ہیں۔ دوسرے مضامین پڑھنے والے طلبہ بھی ان فیلڈز کو اختیار کر سکتے ہیں لیکن شماریات، اکنامکس اور ریاضی پڑھنے والوں کی چونکہ Background مضبوط ہوتی ہے اس لئے زیادہ بہتر طور پر ان فیلڈز میں چلنے کا امکان ہوتا ہے۔ ان فیلڈز میں جانے سے قبل داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہوتا ہے اور یہ ٹیسٹ عام طور پر ریاضی، انگریزی اور جنرل نالج پر مشتمل ہوتا ہے اور وہ طلبہ جو میٹرک کے بعد ایف اے میں پہلے دن ہی سے مطالعہ میں باقاعدگی کرتے ہیں ان کے لئے ایک تو بورڈ کے امتحان میں اچھے نمبر لینا آسان ہوتا ہے اور دوسرے ساتھ کے ساتھ مندرجہ بالا فیلڈز کے داخلہ ٹیسٹ کی تیاری بھی ہو رہی ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ ایف اے میں میتھ پڑھنے والے طلباء کمپیوٹر سائنس کے چار سالہ ڈگری پروگرام میں بھی داخلہ لینے کے اہل ہوتے ہیں یہ ڈگری پروگرام حکومتی اور پرائیویٹ دونوں ادارہ جات میں کروائے جاتے ہیں۔ اگر ایف اے میں میتھ پڑھی ہو اور اس کے بعد حکومتی ادارہ سے سادہ بی اے میتھ کے ساتھ مکمل کیا ہو تو پھر ماسٹرز کمپیوٹر سائنس میں حکومتی ادارہ جات میں داخلہ حاصل کیا جاسکتا ہے اور شرط یہی ہے کہ ہر لیول پر میتھ پڑھی ہو۔

ابلاغیات/صحافت

آج کل کے زمانے میں ابھرتی ہوئی فیلڈ ''صحافت'' یا ماس کمیونیکیشن بھی ہے اور کثرت سے احمدی طلباء و طالبات کو اس طرف بھی آنا چاہیے۔ خاص طور پر الیکٹرانک میڈیا اور بالخصوص کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے تعارف کے بعد اس کی اہمیت اور بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ ایف اے اور ایف ایس سی دونوں قسم کے پروگرام کرنے کے بعد بعض حکومتی اور پرائیویٹ ادارہ جات Mass Communication میں چار سالہ بیچلرز پروگرام بھی آفر کرتے ہیں اس کے علاوہ اگر دو سالہ بیچلرز میں اگر اختیاری مضمون کے طور پر صحافت رکھی جائے تو ماسٹرز (ایم اے/ایم ایس سی) بھی کیا جاسکتا ہے لیکن اگر بیچلرز میں صحافت نہیں پڑھی تو پہلے پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ کر کے ماسٹرز میں داخلہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس میدان میں کمپیوٹر کے تعارف کے بعد جدت آگئی ہے نیز مقابلہ بھی سخت ہوگیا ہے۔ نیز اس مضمون کے حوالہ سے یہ بیان کرنا بھی ضروری ہے کہ کوشش کی جائے کہ چار سالہ بیچلرز ڈگری پروگرام میں داخلہ حاصل کیا جائے۔

بزنس ایڈمنسٹریشن و بینکنگ سٹڈیز

ایف کرنے والے طلباء BBA (بزنس ایڈمنسٹریشن) کرنے کے بعد MBA بھی کر سکتے ہیں۔ اکثر حکومتی ادارہ جات میں داخلہ انٹرمیڈیٹ میں حاصل کردہ نمبروں اور ٹیسٹ پر ہوتا ہے اور پرائیویٹ ادارہ جات میں داخلہ کا معیار ٹیسٹ کلیئر کرنا ہے۔ اس کے علاوہ بی اے کرنے کے بعد بھی MBA کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان کی اکثر پبلک یونیورسٹیاں ہر سال BBA اور MBA میں داخلہ آفر کرتی ہیں جبکہ اعلیٰ معیار کے پرائیویٹ ادارہ جات بھی BBA اور MBA کرواتے ہیں۔ ایک اور ابھرتی ہوئی فیلڈ بینکنگ ہے جو بیچلرز اور ماسٹرز دونوں لیولز پر آفر ہو رہی ہے اور پاکستان کے مختلف حصوں میں کثیر تعداد میں مختلف Banks کی شاخوں کے کھلنے اور جدید Banking کی وجہ سے اس پروگرام کا سکوپ بڑھ رہا ہے۔

قانون(Law)

بعض حکومتی اور پرائیویٹ ادارہ جات میں انٹرمیڈیٹ کے بعد بی اے ایل ایل بی (آنرز) پانچ سالہ ڈگری پروگرام آفر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بی اے/بی ایس سی کرنے والے طلباء LLB ڈگری پروگرام میں بھی داخلہ حاصل کر سکتے ہیں۔ حکومتی اور پرائیویٹ ادارہ جات میں داخلہ بذریعہ ٹیسٹ اور بیچلرز ڈگری میں حاصل کردہ نمبروں پر ہوتا ہے۔ LLB کی تعلیم میں پرائیویٹ ادارہ جات غیر معمولی کردار ادا کر رہے ہیں اس کے علاوہ اب پاکستان کے مختلف شہروں میں یونیورسٹی آف لندن کا LLB (External) پروگرام بھی مختلف پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات کرواتے ہیں اور یہ بھی بہت مقبول ہے اور اس پروگرام کو مکمل کرنے کے بعد برطانیہ سے بار ایٹ لاء اور LLM بھی آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔

پری میڈیکل

ایف ایس سی پری میڈیکل کرنے کے بعد ایم بی بی ایس، ڈی فارمیسی، ڈینٹل سرجری، D.V.M اور ایگریکلچر میں بھی داخلہ لیا جاسکتا ہے۔ MBBS اور ڈینٹل سرجری میں داخلہ صرف ایف ایس سی کے حاصل کردہ نمبروں پر نہیں دیا جاتا بلکہ اب داخلہ ٹیسٹ جو انگریزی۔ فزکس۔ کیمسٹری اور بیالوجی پر مشتمل ہوتا ہے کو اچھے نمبروں سے کلیئر کرنا پڑتا ہے اور میرٹ دونوں کو سامنے رکھ کر بنایا جاتا ہے۔ F.Sc میں حاصل کردہ نمبرز کل میرٹ کا 70% ہوتے ہیں اور ٹیسٹ کے نمبر میرٹ کا 30% ہوتے ہیں۔ اس ٹیسٹ کی تیاری بہت محنت سے کرنا ہوتی ہے اور اس کا دارومدار ایف ایس سی کے دوران ایک معین ٹائم ٹیبل کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بعض منظور شدہ پرائیویٹ ادارہ جات بھی میڈیسن کرواتے ہیں اور ان میں داخلہ کے لئے داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہے نیز حکومتی ادارہ جات کے مقابلہ پر ان ادارہ جات کی غیر معمولی فیس ہوتی ہے جس کو ادا کرنا ہر ایک کیلئے مشکل ہوتا ہے اس لئے اول ترجیح حکومتی ادارہ جات کو دینا چاہئے۔ حکومتی اور پرائیویٹ میڈیکل ادارہ جات کے بارہ میں مکمل معلومات www.pmdc.org.pk سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

پری انجینئرنگ

ایف ایس سی پری انجینئرنگ کرنے کے بعد حکومتی انجینئرنگ یونیورسٹیوں میں الیکٹریکل۔ سول۔ مکینیکل۔ کیمیکل۔ میکاٹرانکس۔ آرکیٹیکچر۔ الیکٹرانکس۔ میٹالرجی۔ انڈسٹریل۔ ایروناٹیکل۔ ٹیلی کمیونیکیشن اور کمپیوٹر انجینئرنگ میں داخلہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ کل میرٹ بناتے وقت داخلہ ٹیسٹ جو انگریزی۔ فزکس۔ کیمسٹری اور میتھ پر مشتمل ہوتا ہے اور F.Sc. کے نمبروں دونوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ F.Sc. میں حاصل کردہ نمبر کل میرٹ کا 70% ہوتے ہیں جبکہ ٹیسٹ کے نمبر میرٹ کا 30% ہوتے ہیں۔ اس لئے اس ٹیسٹ کی تیاری کا دارومدار ایف ایس سی کے دوران باقاعدہ پڑھائی کے ساتھ بھی ہے اور داخلہ ٹیسٹ ہونے کی وجہ سے مقابلہ اور بھی سخت ہوتا جارہا ہے۔ کچھ اعلیٰ معیار کے تعلیمی پرائیویٹ ادارہ جات بھی مندرجہ بالا فیلڈز میں چار سالہ انجینئرنگ ڈگری پروگرام کرواتے ہیں۔ لیکن داخلہ سے قبل ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہوتا ہے۔

کمپیوٹر سائنس

وہ طلباء جو کمپیوٹر سائنس/انفارمیشن ٹیکنالوجی کی فیلڈ اختیار کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے حکومتی اور پرائیویٹ دونوں چار سالہ کمپیوٹر سائنس/IT میں ڈگری آفر کرتے ہیں۔ کمپیوٹر سائنس کو سافٹ ویئر انجینئرنگ بھی کہا جاتا ہے اور اسی سے تعلق رکھنے والی فیلڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی (IT) بھی ہے اس کے لئے ایف ایس سی پری انجینئرنگ یا ایف اے میتھ کے ساتھ ہونا لازمی ہے اور داخلہ کے لئے داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ آجکل کثرت سے مختلف ادارہ جات کمپیوٹر کے Certification کورسز کروا رہے ہیں۔ کوشش یہ کی جائے کہ ان کورسز میں داخلہ سے قبل انٹرمیڈیٹ مکمل کر لی جائے اور انٹرمیڈیٹ اگر میتھ کے ساتھ ہو تو سب سے بہتر ہے۔ صرف میٹرک کے بعد ان کورسز کا رخ کرنا درست نہیں۔

فائن آرٹس و آرکیٹیکچر

وہ طلبہ جو انٹرمیڈیٹ کے بعد فائن آرٹس ڈیزائننگ وغیرہ میں چار اور پانچ سالہ ڈگری حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ داخلہ ٹیسٹ کلیئر کریں نیز فائن آرٹس اور آرکیٹیکچر میں داخلہ کے لئے فری ہینڈ ڈرائنگ کی خوب مشق کرنی چاہئے تاکہ اس کے امتحان کو کلیئر کرسکیں۔

بیچلر آنرز (آرٹس و سائنس)

وہ طلباء و طالبات جو کسی ایک مضمون میں Specialize کرنا چاہتے ہیں وہ F.Sc/F.A میں ایسے مضامین رکھیں جن میں سے Select کرکے بیچلرز (آنرز یا سادہ) مکمل کریں اور پھر کسی ایک مضمون میں ماسٹرز مکمل کرسکتے ہیں۔

ٹیکنیکل تعلیم

ایسے طلبہ جو میٹرک کرنے کے بعد کسی ٹیکنیکل کالج میں داخلہ حاصل کرکے تین سال کا ڈپلومہ DAE حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اس کے بعد کسی بھی انجینئرنگ یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کرسکتے ہیں اور داخلہ کی شرط میں داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہے لیکن اگر DAE کے بعد بیچلرز اور پھر کسی مضمون میں ماسٹرز کرنا چاہتے ہیں تو اس کی اجازت ہے کیونکہ DAE کا کورس انٹرمیڈیٹ کے برابر ہے نیز اب DAE کے بعد بعض ادارے B-Tech بھی کرواتے ہیں۔

کامرس

ایسے طلبہ جو کامرس میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ میٹرک کے بعد I.Com بھی کرسکتے ہیں اور اس کے بعد B.Com، CA، ACCA اور BBA کی طرف بھی جایا جاسکتا ہے۔

ہوم اکنامکس

بعض طالبات جو ہوم اکنامکس مضامین پڑھنا چاہتی ہیں وہ میٹرک کے بعد ہوم اکنامکس کالجز میں چار سالہ B.Sc میں داخلہ حاصل کرسکتی ہیں یا پھر F.Sc کرنے کے بعد زرعی یونیورسٹی وغیرہ میں دو سالہ بیچلرز ہوم اکنامکس میں کرسکتی ہیں۔ ان میں مختلف پیشہ وارانہ مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔ مثلاً چائلڈ ڈویلپمنٹ۔ فوڈ اینڈ نیوٹریشن۔ فوڈ ٹیکنالوجی۔ آرٹس۔ Rural سوشیالوجی وغیرہ اور آجکل ان مضامین کی بہت ڈیمانڈ ہے۔

پیرامیڈیکل کورسز

میٹرک/انٹرمیڈیٹ کے بعد بعض پیرامیڈیکل ٹریننگ پروگرام بھی آفر ہوتے ہیں ان میں ڈسپنسر، نرسنگ، لیبارٹری ٹیکنیشن، ریڈیوگرافر، آپریشن تھیٹر اسسٹنٹ، ڈینٹل ٹیکنیشن، ای سی جی ٹیکنیشن، اینڈوسکوپی ٹیکنیشن اور اینستھیزیا ٹیکنیشن وغیرہ شامل ہیں۔ یہ ٹریننگ پروگرام حکومتی اور پرائیویٹ دونوں ہسپتال میں آفر ہوتے ہیں۔

غیر ملکی زبانیں

میٹرک کرنے کے بعد پاکستان کے بڑے شہروں میں واقع بعض ادارہ جات غیر ملکی زبانوں میں سرٹیفکیٹ ڈپلومہ کورسز کرواتے ہیں ان کے بعد مختلف معیار کے اور کورسز بھی جاری رہتے ہیں نیز اس کے ساتھ پرائیویٹ طور پر انٹرمیڈیٹ/بیچلرز کرلیا جائے تو دہرا فائدہ ہوتا ہے۔ ان میں سب سے بڑا ادارہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز (NUML) ہے جو مختلف زبانوں میں ماسٹرز بھی کرواتا ہے۔ واقفین نو کو اس طرف خاص طور پر آنے کی ضرورت ہے کیونکہ جماعت کو غیر ملکی زبانوں پر عبور رکھنے والے طلباء و طالبات کی بہت ضرورت ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بھی میٹرک پاس طلبہ کو بعض کورسز آفر کرتی ہے جن میں ڈیری فارمنگ، شہد کی مکھیاں پالنا، الیکٹریکل کورسز اور آٹوٹیکنیشن کورسز وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے داخلہ جات سال میں دو مرتبہ فروری اور اگست میں ہوتے ہیں جن کا اعلان قومی اخبارات اور روزنامہ الفضل میں بھی ہوتا ہے۔ نیز اسی ادارہ نے مختصر المیعاد تعلیمی پروگرام STEP کے نام سے جاری کیا ہوا ہے جس میں لائبریرین شپ، ہوٹل سروسز، مینجمنٹ سائنسز، کمیونٹی ایجوکیشن، سوشل سائنسز، ایگریکلچر اور کمپیوٹر کے کورسز وغیرہ شامل ہیں اس کے علاوہ یونیورسٹی بیچلرز کے بعد B.Ed اور ایم اے ایجوکیشن بھی کرواتی ہے۔

ضروری امور

وہ طلبہ و طالبات جو انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس میں داخلہ کے خواہشمند ہیں ان کو چاہئے کہ جماعت میں قائم انجینئرنگ آرکیٹیکچر ایسوسی ایشن (IAAAE) اور کمپیوٹر ایسوسی ایشن (AACP) کے لوکل چیپٹرز کے پریذیڈنٹ صاحبان سے رابطہ کرکے مزید معلومات بھی حاصل کرسکتے ہیں اس طرح ان کو زیادہ بہتر Planning کرنے کا موقع مل جائے گا۔

آپ اوپر بیان کردہ کسی بھی فیلڈ میں جائیں آپ کی انگریزی اچھی ہونا لازمی ہے۔ اس لئے میٹرک کے امتحان دینے کے بعد انگریزی کو بہتر بنانے کی مشق بہت ضروری ہے تاکہ مستقبل کی تعلیم میں آپ کو کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ میٹرک کے بعد آپ سے توقع رکھی جائے گی کہ آپ انگریزی میں خود اپنے جوابات یا نقطہ نظر کو بیان کرسکیں۔ اکثر طلباء کے میٹرک کے نمبر تو بہت اچھے ہوتے ہیں لیکن آگے جا کر ان طلباء کی کارکردگی کا گراف نیچے آجاتا ہے اس کی ایک بنیادی وجہ انگریزی میں کمزوری ہے۔ اس لئے انگریزی کی طرف بہت توجہ کی ضرورت ہے۔

نظارت تعلیم کوشش کرتی ہے کہ پاکستان میں کروائے جانے والے مختلف پروگراموں کے بارے میں اعلانات 'الفضل' میں شائع ہوں اور کثیر تعداد میں طلبہ اس سے فائدہ بھی اٹھاتے ہیں اس لئے ایک تو طلبہ کثرت سے الفضل کا مطالعہ باقاعدگی سے کریں نیز سیکرٹریان تعلیم کو بھی چاہئے کہ ان اعلانات اور مضامین کے ذریعہ اپنے حلقہ/جماعت کے طلبہ کی رہنمائی کریں اور نظارت تعلیم سے رابطہ رکھیں نیز آپ کے پاس کچھ معلومات ہوں تو چھپی ہوئی صورت میں نظارت کو ارسال کریں۔

آخر میں تمام طلباء حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خاص طور پر دعا کے لئے تحریر کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جماعت اور اپنے خاندانوں کے لئے نافع الناس وجود بنائے۔ آمین!

(نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ پوسٹ کوڈ نمبر 35460 فون نمبر: 047-6212473

Email: ntaleem@gmail.com

☆☆☆☆☆☆

(بقیہ صفحہ 6)

تھا ہم جب کھیلتے تو والد صاحب گول کیپر بن جاتے اور یہ سلسلہ والد صاحب نے اپنے پوتوں تک جاری رکھا ایک دفعہ میں لاہور سے ربوہ آیا تو دیکھا کہ بچے گلی میں فٹ بال کھیل رہے ہیں اور انہوں نے گول کیپر کے طور پر اباجی کو ایک کرسی پر بیٹھایا ہوا تھا بچوں سے بہت محبت اور پیار کا سلوک کرتے تھے بچپن سے ہی بچوں کو پڑھنے کی عادت ڈالی مطالعہ کا شوق پیدا کیا اکثر الفضل اخبار کا مطالعہ کرتے اور بچوں کو بھی کہتے کہ اخبار پڑھو پاکستان ٹائمز میں ایک کارٹون ننھا چھپا کرتا تھا وہ کاٹ کر آپ نے مجھے اپنی کاپی میں لگانا سکھایا مجھے یہ سعادت حاصل ہے کہ اباجی کے ساتھ ربوہ میں میرے بچوں کو خدمت کا موقع ملا اور آخری عمر میں اکثر اپنے بچوں میں میرے بچوں کا نام لے کر کہتے یہ میرے بچے ہیں۔

محترم والد صاحب نے ہماری تربیت اس انداز میں کی جب بھی کوئی آمد ہوتی تو سب سے پہلے اس سے چندہ دیتے اور بچوں کو بھی یہی انداز اپنانے کا سلیقہ سکھایا۔ مجھے یاد ہے کالج کی تعلیم کے دوران محلّہ میں ایک دفعہ میں نے چندہ دینے میں دیر کردی جب میں چندہ دینے گیا تو متعلقہ کارکن نے بتایا کہ آپ کے والد صاحب چندہ ادا کر گئے ہیں یہ سن کر مجھے شرمندگی ہوئی کہ جو فرض میرا بنتا تھا میں نے کوتاہی اور سستی کی تھی مگر والد صاحب نے اس کو وقت پر ادا کردیا۔

محترم والد صاحب کے انداز تربیت بڑے ہی پیارے تھے بڑوں کی عزت کرنا اور ان سے دعا لینا ہمارے محلّہ میں جماعت کے بزرگ حافظ محمد رمضان صاحب (والد احمد زمان تنویر۔ تنویر سٹوڈیو) امام بیت تھے اباجی نے مجھے ہدایت کی ہوئی تھی کہ مغرب کی نماز پر تم نے ان کی انگلی پکڑ کر بیت لے جانا ہے اس طرح جہاں ثواب ملے گا وہاں ان کے دل میں سے جو دعائیں نکلیں گی، کام آئیں گی آج بھی جب بہشتی مقبرہ ربوہ جاتا ہوں تو حضرت حافظ صاحب کی قبر پر حاضری ضرور دیتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ مرحوم والد صاحب کے درجات بلند کرے اور ہمیں ان کی نیکیوں کو زندہ رکھنے کی توفیق دے۔

مختلف پھلوں کے طبی فوائد

موسم گرما میں دستیاب بیشتر پھل مختلف بیماریوں سے بچاتے ہیں۔ چند ایک کے طبی فوائد یہ ہیں۔

کیلا

کیلا کھانے سے مریض کے ڈپریشن کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ نظام ہضم کو بھی بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔ ایسا مریض جو معدے کے السر کا شکار ہو۔ اس کو بھی فائدہ دیتا ہے۔

تربوز

تربوز میں وٹامن اے کی بڑی مقدار آنکھوں میں موتیا بننے سے روکتی ہے۔

انناس

انناس جوڑوں کے درد کو کم کرنے میں مددگار اور خون کو گاڑھا ہونے سے بچتا ہے۔

ہمیں چاہئے کہ ہم موسم گرما میں حسب توفیق ہر طرح کے پھل کھائیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر پھل میں کوئی نہ کوئی طبی فوائد (خواص) رکھے ہیں۔

ہمیں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر بھی بجالانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو لمبی صحت والی فعال زندگی عطا فرمائے اور ہم سب کا انجام بھی بخیر ہو۔ آمین

وقت کی تقسیم

ابوالحسن علی احمد نسوی (1030ء) کی اہم دریافت وقت کی تقسیم در تقسیم کے لئے ایک نئے طریقے کی ایجاد ہے جسے حساب ستین کہتے ہیں۔ اس نے وقت کی ایک ساعت یا زاویہ (گھنٹہ) کو 60 پر تقسیم کیا، اس ساٹھویں حصے کو اس نے دقیقہ کہا جس کے لفظی معنی ہیں خفیف۔ اس دقیقہ کو اس نے دوبارہ تقسیم کیا جسے اس نے ثانیہ کہا یوں ساعت کی تقسیم دقیقہ اور ثانیہ میں ہوگئی۔ دقیقہ کے لئے انگریزی میں لفظ منٹ وضع ہوگیا جس کے معنی خفیف یا باریک کے ہیں۔ ثانیہ کے لئے انگریزی میں سیکنڈ کا لفظ بن گیا۔ گھڑی کے ڈائیل پر جو ہندسے کندہ ہوتے ہیں اور جو منٹ (دقیقہ) اور سیکنڈ (ثانیہ) میں تقسیم ہیں وہ ابوالحسن کی ذہانت کا کرشمہ اور اس کی یاد دلاتے ہیں۔

مکرم ڈاکٹر احسان اللہ قریشی صاحب

میرے پیارے والد محترم قریشی محمد عبداللہ صاحب

سابق آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ

ہمارے پیارے والد مکرم قریشی محمد عبداللہ صاحب قادیان دارالامان کے قدیمی رہائشی مکرم محترم قریشی شیخ محمد صاحب کے ہاں 1913ء میں پیدا ہوئے۔ ہمارے دادا جان مرحوم کو حضرت مسیح موعود کی رفاقت کا شرف بھی حاصل ہوا۔

حضرت مصلح موعود قادیان میں جو ورزشی مقابلہ جات کرواتے تھے ابا جی اس میں شوق سے شرکت کرتے تھے۔ میرے والد صاحب کی پیدائش سے پہلے میرے دادا جان کے ہاں جو اولاد ہوتی پیدائش کے بعد فوت ہو جاتی تھی جس کی وجہ سے وہ پریشان تھے۔ جب میرے والد صاحب کی پیدائش ہوئی دادا جان اسی وقت آپ کو لے کر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دعا کی درخواست کی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول چونکہ دادا جان کے بچوں کی وفات کے بارے میں جانتے تھے اس لئے آپ نے ابا جی کو گود میں لیا اور دعا کی۔ دعا کی بعد حضور نے آپ کا نام محمد عبداللہ عطا فرمایا اور دادا جان سے فرمایا ''یہ صحت والی لمبی عمر پائے گا اللہ تعالیٰ نے حضور کی دعاؤں کو سنا اور ابا جی نے 92 سال کی صحت وسلامتی والی طویل اور فعال عمر پائی۔

میرے والد صاحب سخت جان تھے بچپن سے ہی ورزش کے عادی تھے کبڈی کھیلنا اور ڈھاب پر تیرنا مرغوب مشاغل تھے میرے دادا جان مکرم قریشی شیخ محمد صاحب قادیان میں چھٹی رساں کا کام کرتے تھے ایک دفعہ قادیان کے قریبی دیہات میں سے ایک گاؤں کے کسی ہندو کا خط تھا اور اس دن بارش ہو رہی تھی محترم والد صاحب نے موسم کے خطرہ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے وہ خط لیا اور اسی بارش میں اس کے گاؤں جا کر وہ خط اس ہندو کو پہنچایا۔ جس پر اس ہندو نے ابا جی کو اس وقت ایک روپیہ انعام دیا۔

میرے والد صاحب جماعت نہم کے طالب علم تھے کہ آپ کی شادی کر دی گئی اور اس میں بھی دادا جان کی حکمت شامل تھی۔ میری والدہ صاحبہ کی عمر بمشکل اس وقت 11 سال تھی کہ ان کے والد (ہمارے نانا) وفات پا گئے تھے جبکہ ان کی والدہ (ہماری نانی) بچپن میں بھی جبکہ ان کی عمر 4 سال تھی وفات پا گئی تھیں۔ ایک ایسا لڑکا جس نے ابھی جوانی میں قدم ہی رکھا تھا اس کی شادی کر دی جائے تو اس پر ذمہ داریوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑتے ہیں اور ایسا ہی ابا جی کے ساتھ ہوا۔

ابھی چھوٹی عمر تھی کہ اللہ نے ایک بچہ بھی عطا کر دیا اب بیگم اور ایک بچہ کے ساتھ گھر بھی چلانا تھا اور والدین کی بھی مدد کرنی تھی آپ نے جونہی میٹرک پاس کیا ملازمت کی تلاش شروع کر دی خواہش تھی کہ فوج میں بھرتی ہو جائیں مگر والدہ صاحبہ نے پسند نہ کیا ملازمت ڈھونڈتے ڈھونڈتے ایک خاندان کے بچوں کو بطور اتالیق پڑھانے پر مقرر ہوئے۔ یہ خاندان فاضلکا میں رہائش پذیر تھا ان کے 5، 7 بچے تھے خاندان کے سربراہ پولیس میں ملازم تھے۔ محترم ابا جی صبح سب بچوں اور بچیوں کو پڑھاتے تھے اور شام کو انہیں ورزش کروایا کرتے تھے جب کبھی موقع ملتا ہندوؤں میں دین حق کی دعوت بھی کرتے تھے۔

والد صاحب نے بعض اور جگہ بھی ملازمت کی مگر دل کو سکون نہیں ملتا تھا آپ نے کچھ دیر اخبار البدر میں بطور منشی کام کیا۔ ایک دن جب چھٹیوں میں قادیان آئے تو پتہ چلا کہ صدر انجمن احمدیہ میں کلرک کی جگہ خالی ہے۔ ہمیں سنایا کرتے تھے کہ میں نے اللہ سے بہت دعا کی اور خدا سے مدد بھی مانگی نیز یہ دعا کی کہ خدایا اگر یہ سلسلہ سچا ہے تو میری راہنمائی کر اس پر ابا جی کو خدا کی طرف سے راہنمائی ملی۔

ابا جان کہا کرتے تھے کہ اس دن جا کر میں نے انجمن میں ملازمت کی درخواست کی اور عہد کیا کہ اب میں اس سلسلہ کی خدمت کروں گا اور ہمیشہ دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا۔ محترم ابا جی نے اس عہد کو خوب نبھایا اور 62 سال صدر انجمن احمدیہ کی خدمت کی بحیثیت جونیئر کلرک بھرتی ہوئے اور بطور آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ ریٹائر ہوئے بطور آڈیٹر آپ نے مسلسل 18 سال خدمت کی توفیق پائی جو کہ اس سیٹ پر کام کرنے کا ریکارڈ ہے۔

1947ء میں تقسیم ہند کے وقت آپ نظارت خزانہ قادیان میں ملازم تھے آپ کو حکم ہوا کہ خزانہ لے کر لاہور چلے جائیں فرماتے ہیں واقعہ کچھ یوں ہے کہ میں اس دن صبح کے لئے سامان خورونوش لینے کے لئے نکلا کہ بازار میں ہی ایک صاحب نے مجھے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کا پیغام دیا کہ دفتر حاضر ہوں اسی حالت میں سامان اٹھائے حاضری دی۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے فرمایا قریشی صاحب جہاز تیار ہے اور خزانہ اس میں رکھا ہے آپ ابھی لاہور پرواز کر جائیں۔ جماعت نے ان دنوں دو سیٹر جہاز خریدے تھے۔ سو ابا جی نے گھر کا سامان ایک دوست کے حوالے کیا اور بیوی بچوں کو خدا کے حوالے کر کے حکم کی تعمیل میں لاہور چلے گئے۔

آپ سارا خزانہ لے کر جودھامل بلڈنگ پہنچے اور بتایا کرتے تھے کہ جس سے پوچھتا کہ خزانہ کس طرح رکھنا ہے اور کہاں رکھنا ہے تو سب آپ کو کہتے جو آپ کر سکتے ہیں کریں ہمیں کچھ علم نہیں ابا جی نے جودھامل بلڈنگ کا ایک چھوٹا کمرہ خود منتخب کیا جس میں بقول ان کے ایک صوفہ اور ایک میز تھی آپ نے سارا خزانہ اس صوفہ میں سے روئی نکال کر اس میں رکھا اور اوپر اپنا بستر لگا لیا اور کمرے کے باہر دفتر خزانہ لکھ کر لگا دیا فرمایا کرتے تھے کہ سوائے باتھ روم جانے کے کمرہ میں ہی رہتا اور اگر کبھی کسی کام سے شہر میں جانا پڑتا تو دعائیں پڑھتا رہتا کہ اے اللہ یہ لوگوں کی امانتیں اور چندوں کی رقمیں ہیں تو ہی ان کی حفاظت فرما۔ کبھی کبھی دوست احباب آپ کے صوفہ پر بیٹھنے کی کوششیں کرتے تو آپ حکمت سے اور بہانے سے انہیں اٹھا دیتے اور اس وقت تک یہ عمل جاری رکھا جب تک تمام امانتیں ان کے اہل تک نہ پہنچ گئیں اور جماعت نے مناسب دفتر کا انتظام نہ کر دیا اس عرصہ میں پیچھے قادیان میں اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے آپ کے بیوی بچوں کی حفاظت فرمائی جس دن آخری ٹرک پاکستان آ رہا تھا حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب نے خود آپ کی بیوی اور بچوں کے لئے اس ٹرک میں انتظام فرمایا اور اس طرح بیوی بچے بھی ہجرت کر کے بخیر وعافیت پاکستان لاہور پہنچے۔

وہ زمانہ سب کے لئے بڑا ہی پُر آشوب تھا پوری جماعت نے اپنے پیارے خلیفہ کی دعاؤں کے طفیل یہ سخت وقت کاٹا ابا جی نے اپنے بچوں کو اپنے چھوٹے بھائی مکرم قریشی عبدالغنی صاحب مرحوم کے پاس چھوڑا سارا خاندان بمعہ دادا، دادی دونوں چچاؤں بمعہ بچگان ایک چھوٹے سے چوبارہ میں رہتے تھے یہاں والدہ مرحومہ کی جرأت کی داد دینی پڑتی ہے بقول ان کے کہ آپ کے ابا جی تو سارا دن جماعتی کاموں میں مصروف رہتے تھے میں نے خود ایک دن میوہ منڈی ایک چوبارہ دیکھا جس کے نچلے حصہ میں اغلبًا کوئی اپنے ہی رہتے تھے میں ایک بچہ لے کر وہاں چلی گئیں اور چوبارہ صاف کیا اور وہاں رہنا شروع کر دیا یہاں آ کر کچھ رہائش کی سہولت ہوئی۔

اس پُر آشوب دور میں ابا جی نے اپنے اللہ کے در کو روزانہ تہجد کے وقت کھٹکھٹایا میرے بڑے بھائی نے مجھے ایک دن بتایا کہ روزانہ رات کو کسی کے رونے کی آواز سے میری آنکھ کھل جاتی ہے ایک دن میں نے والدہ صاحبہ سے پوچھا کہ ہمارے ہمسایہ میں ضرور کوئی بہت ہی زیادہ دکھی رہتا ہے جو رات کو کسی تکلیف کی وجہ سے روتا رہتا ہے اس پر والدہ صاحبہ نے بتایا کہ بیٹا! رات کو تمہارے ابا تہجد کی نماز ادا کرتے ہوئے اللہ کے حضور مناجات کرتے ہیں۔

یہ سخت وقت خلیفۂ وقت کی دعاؤں اور شفقتوں سے گزرنا ممکن ہوا اور آپ کو چنیوٹ شفٹ کیا گیا۔ جہاں سے ایسی وادی میں جانا تھا جہاں بقول شاعر ع

اک مرد مجاہد رہتا ہے دریا کے کنارے ربوہ میں

چنیوٹ کا قیام مختصر تھا اب تک گھر کے گلشن میں 4 بچے آ چکے تھے دونوں بڑے بھائی روزانہ چل کر ابا جی کے ساتھ ریل کی پٹڑی پر سفر کرتے اور سکول آتے تھے 1953ء میں سیلاب آیا اور گڑھا محلّہ پانی میں ڈوب گیا والدہ بچے لے کر پہاڑی پر چلی گئیں مگر شام کو واپس آ گئیں کہ اللہ حفاظت کرنے والا ہے اللہ نے جماعت سے یہ وقت بھی ٹال دیا تاوقتیکہ مرکز سلسلہ تیار ہو گیا اور ابا جی بچے لے کر انجمن کے کوارٹرز میں آ گئے۔ ع

اک قادیان کے تو نے دو قادیان بنائے

محترم والد صاحب ابھی تک نظارت خزانہ میں تھے کہ ایک دن رقم گنتے گنتے 100 روپے کم ہو گئے ابا جی کے بقول اس زمانے میں 100 روپے بڑی بھاری رقم تھی یہ واقعہ ان کی ہی زبانی سنیئے جو توکل علی اللہ کی ایک مثال ہے۔

دوسرے دن میں نے جب رقم گنی تو سو روپے پھر شارٹ تھے اب میں نے اپنے ساتھیوں سے بھی تذکرہ کیا کہ ہوشیار رہیں کہ تیسرے دن پھر سو روپے کم ہو گئے میں نے حضرت خلیفہ اول کے طریقہ کے مطابق کہ اگر میرے کسی مرید پر مشکل وقت آئے تو ویرانے میں جا کر اللہ سے مناجات کرے اور بآواز بلند اپنے رب کو پکارے اور اپنی غرض بیان کرے اور اس عرض پر میرا واسطہ بھی دے کہ اے اللہ تجھے تیرے بندے نورالدین کا واسطہ میری مدد فرما۔ جب پکار پکار کر تھک گیا تو گھر آ گیا اگلے دن میں دفتر میں بیٹھا تھا کہ مجھے بڑے زور سے آواز آئی ''چور احمد دین ہے'' میں نے ادھر ادھر دیکھا کہ شاید اتنی بلند آواز سے میرے ساتھی بھی چونکے ہوں مگر سب اپنا کام کر رہے تھے میں نے قریبی بیٹھے ساتھی بسرا صاحب سے پوچھا آپ کو کوئی آواز آئی ہے انہوں نے اس پر حیرت کا اظہار کیا اور کسی بھی آواز کے سننے سے انکاری ہوئے۔ میں دوبارہ اپنے کام میں لگ گیا کہ پھر آواز آئی ''چور احمد دین ہے'' میں نے پھر ادھر ادھر دیکھا کہ شاید کسی اور نے بھی یہ آواز سنی ہو مگر سب چپ تھے کہ تیسری دفعہ وہی آواز بہت ہی زور سے آئی ''چور احمد دین ہے، اب میں اٹھا کہ یہ سب دعا کا نتیجہ ہے اور جا کر مکرم عزیز بھامبڑی صاحب کو امور عامہ میں کہا کہ تین دن سے رقم کم ہو رہی ہے اور مجھے احمد دین چوکیدار نظارت خزانہ پر شک ہے محترم بھامبڑی صاحب نے اسی وقت احمد دین کو بلا کو دھمکایا تو احمد دین نے چوری کا اقرار کر لیا۔ حضور نے ابا جی کو اپنے دفتر بلایا اور ہلکی سی سرزنش کی جو بقول ابا جی کے یہ تھی ''بھئی اپنا کام دھیان سے کیا کرو' اور اس طرح ابا جی کی بریت ثابت ہوئی۔ ابا جی نظارت خزانہ میں کام کر رہے تھے کہ حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب نے آپ کو تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں اپنے ساتھ بطور ہیڈ کلرک بلا لیا۔ کالج میں ابا جی کو محترم جنید ہاشمی صاحب مرحوم کے زیر سایہ کام کرنے کا موقع ملا اور یہیں ابا جی نے ایف اے اور بی اے کا امتحان پاس کیا۔ اس کی بھی عجیب سٹوری ہے میری پیاری آپا اس وقت ایف اے میں تھیں اور ابا جی ان کو انگلش اور دوسرے مضامین

پڑھاتے تھے بلکہ پہلے خود پڑھتے اور پھر بیٹی کو پڑھاتے۔ مجھے یاد ہے کہ عصر کے بعد سب بچے ایک دائرے میں ابا جی کے گرد بیٹھ جاتے اور باری باری اپنا سبق پڑھتے تھے ایک دن والدہ صاحبہ نے ابا جی سے کہا کہ آپ کو سب کچھ آتا ہے آپ بھی امتحان دے دیں اسی طرح ایک دن کسی رجسٹر پر حضور انور سے دستخط کروانے کے لئے حاضر ہوئے تو حضور سے عرض کی حضور میں بھی پڑھنے لگ گیا ہوں حضور نے مسکراتے ہوئے کامیابی کی دعا دی اور یوں ابا جی نے ایف اے اور بی اے پاس کر لیا۔ وقت تیزی سے گزر رہا تھا مگر کچھ عرصہ کے بعد جنید ہاشمی صاحب مرحوم ریٹائر ہو گئے اور ابا جی کو حضور نے آفس سپرنٹنڈنٹ مقرر کر دیا۔

یہاں خلیفہ وقت کی گہری محبت والی نظر کا اظہار نہ کرنا کفران نعمت ہے حضور ابا جی کو آنے والی ذمہ داریوں کے لئے تیار کر رہے تھے کہ 1974ء کا زمانہ آ گیا بڑا سخت وقت تھا میں اس وقت ایف ایس سی میں تھا اس وقت محلّہ کے پہرہ کی ذمہ داری خدام و اطفال پر ہوتی تھی ایک دن چھوڑ کر پہرہ پر ڈیوٹی ہوتی مجھے یاد ہے ایک دن میں نے بیماری کی وجہ سے پہرہ پر جانے سے انکار کر دیا ابا جی مجھے بتائے بغیر میری جگہ پہرہ پر چلے گئے محلّہ کے خدام نے کہا قریشی صاحب آپ چلے جائیں ہم پہرہ دے لیں گے مگر ابا جی نے کہا یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ جماعت کو تو ضرورت ہو اور میرے گھر سے کوئی نہ آئے۔

کالج کی ڈیوٹی کے دوران اپنے ساتھیوں سے ہمیشہ حسن سلوک فرماتے بلکہ ویک اینڈ پر ان کی سرکردگی میں یکووالی نہر پر لے جاتے وہیں کھانا پکاتے مختلف کھیلیں کھیلتے باجماعت نمازوں کا اہتمام ہوتا کھانے کی تقسیم چچا لال دین کے سپرد ہوتی اور یوں شام کو سائیکلوں پر ربوہ واپسی ہوتی۔

ابا جی نے غالباً 1970ء میں بطور آڈیٹر چارج سنبھالا اور خلافت ثالثہ اور خلافت رابعہ کا سارا دور گزارا۔ پھر خلافت خامسہ میں بھی کچھ عرصہ خدمت کی توفیق ملی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ بھی کام کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ جب حضور ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان تھے اس وقت جو میٹنگز ہوتیں اور حضور جو احکامات دیتے ہمیشہ ان پر عمل کرنے میں راحت محسوس کرتے۔

آڈیٹر کی سیٹ ذرا مشکل ہوتی ہے اس میں جب اپنوں سے ہی حساب مانگا جاتا ہے تو حساب دینے والا ذرا مشکل محسوس کرتا ہے ابا جی نے نہایت خوش اسلوبی سے ان امور کو انجام دیا بلکہ صدر انجمن احمدیہ کے نئے قواعد بنانے میں پوری جانفشانی سے حصہ لیا اور آج بھی ان کی ہینڈ رائٹنگ میں قواعد لکھے میں نے دیکھے ہیں اپنے اس دور میں جہاں آپ نے حساب کی جانچ پڑتال کی وہاں آپ نے آنے والے وقت کو مدنظر رکھ کر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے پنشنروں کی پنشن میں اضافہ کی درخواست کی اور حضور تو تھے ہی دیالو تو آپ نے منظور فرمایا۔ اس سے قبل بیواؤں کی پنشن نہیں تھی آپ نے اس کی بھی حضور سے درخواست کی اور حضور نے کمال مہربانی سے منظور فرمایا۔ مجھے یاد ہے کہ آپ نے فرمایا کہ بیوہ کو اس طرح اپنے بچوں سے مانگنا نہیں پڑے گا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع آپ کو اکثر دوسری جماعتوں کے آڈٹ پر دوسرے شہروں میں بھیجا کرتے تھے۔

ابا جی ایک سخت محنتی اور جفاکش احمدی تھے جنہوں نے ہمیشہ اپنے عمل سے ثابت کیا کہ دین ہمیشہ دنیا پر مقدم ہے۔ آپ حد درجہ متوکل تھے اور ہمیشہ دعا کرتے تھے کہ اے اللہ مجھے کسی کا محتاج نہ کر یو قارئین کے لئے چند واقعات درج کرتا ہوں۔

میں میڈیکل کالج کے تیسرے سال میں تھا کہ آپ کی زبان پر ایک دانہ نکل آیا جو تکلیف بھی دیتا تھا اور بڑھتا جاتا تھا، میں نے اپنے کالج کے پروفیسروں کو دکھایا تو انہوں نے کینسر کا شک ڈالا میں ان کو لے کر لاہور آیا یہاں بھی رائے مختلف تھی بلکہ بعض تو یہ کہہ رہے تھے نعوذ باللہ زبان کا وہ حصہ کاٹ دیں، ابا جی نے یہ سن کر سخت حیرانی کا اظہار کیا اور مجھے سختی سے ربوہ لے جانے کی ہدایت کی اور فرمایا جو زبان خدا کا ذکر کرے اس کو آنچ نہیں آ سکتی اور اس کے بعد وہ زخم بغیر علاج کے خود ہی ٹھیک ہو گیا اور ابا جی اس کے بعد کم از کم 25 سال زندہ رہے۔

میری والدہ کو معدے کا سرطان تھا اور ان کی وفات کے بعد میں نے پوسٹ گریجوایشن میں داخلہ لیا اور بچوں کو والد صاحب کے پاس چھوڑا اور خود پڑھنا شروع کر دیا اور اس میں نمبر لینا بڑا مشکل تھا جب میرا پارٹ I کا امتحان شروع ہوا تو میں امتحان سے قبل ربوہ گیا اور ابا جی سے عرض کی کہ میرا پاس ہونا مشکل نہیں ناممکن ہے ابا جی نے نہایت زور سے فرمایا یہ کس طرح ممکن ہے کہ میرا خدا میرے ساتھ کئے ہوئے وعدے پورے نہ کرے۔ امتحان کے دوران ایسا وقت بھی آیا کہ میں سوچتا تھا کہ میں امتحان چھوڑ کر بھاگ جاؤں مگر اس خدا پر قربان اس نے ہر رکاوٹ کو ختم کر کے مجھے کامیابی سے ہمکنار کیا۔ جب میں ابا جی کو نتیجہ سنانے ربوہ آیا تو رو پڑے اور اسی وقت سجدہ ریزہ ہو گئے۔

